30مارچ2021ء

سرکاری وصولی/ڈیوٹی/ ٹیکس جمع کرنے کے لیے 31مارچ2021ءکو متعلقہ برانچیں کھلی رہیں گی

سرکاری وصولی / ڈیوٹی / ٹیکس جمع کرنے میں سہولت دینے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی-بی ایس سی) کے فیلڈ آفسز اور نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) کی مجاز برانچیں 31مارچ 2021ء (بدھ) کو شام6:00 بجے تک یعنی اضافی وقت تک کھلی رہیں گی۔ اس مقصد کے لیے اس روز نفٹ نے شام 5 بجے کلیئرنگ کے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔

لہٰذا، تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 31مارچ 2021ء (بدھ) کو اپنی متعلقہ برانچیں اس وقت تک کھلی رکھیں، جب تک نفٹ کی طرف سے سرکاری لین دین کے لیے خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کی ضرورت ہو۔

*****